# اطلاع برائے ۴۳واں سالانہ اجلاسِ عام

dynea

بذریعہ ہٰذا اطلاع دی جاتی ہے کہ ڈائنیا پاکستان لمیٹڈ (کمپنی) کے ممبران کا ۴۳واں سالانہ اجلاسِ عام انسٹی ٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹینٹس آف پاکستان کے آڈیٹوریم، چارٹرڈ اکاؤنٹینٹس ایونیو، کلفٹن، کراچی میں اور ورچوئلی طور پر بذریعہ وڈیو کانفرنس فیسیلٹی، بروز پیر ۲۰ اکتوبر ۲۰۲۵ء کو دوپہر ۱۲:۳۰ بجے درج ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد کیا جائے گا:

**عمومی کارروائی**

۱۔ ۳۰ جون ۲۰۲۵ء کو ختم ہونے والے سال کیلئے کمپنی کے سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی حسابات مع ان پر چیئرمین کی جائزہ رپورٹ، ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کی وصولی غور اور منظوری۔ کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کے سیکشن ۲۲۳ (۷) کے تحت کمپنی کے سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی حسابات کمپنی کی ویب سائٹ پر اَپ لوڈ کردیے گئے ہیں جنہیں نوٹس میں دیئے گئے QR کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے۔

۲۔ ۳۰ جون ۲۰۲۵ء کو ختم ہونے والے سال کیلئے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سفارش کے مطابق حتمی نقد منافع منقسمہ بشرح ۱۰.۰۰ روپے فی شیئر یعنی ۲۰۰ فیصد ادائیگی کی منظوری دینا۔ یہ ۱۰۰ فیصد عبوری منافع منقسمہ یعنی ۵.۰۰ روپے فی حصص جو پہلے ہی ادا کیا جاچکا ہے کہ علاوہ ہے۔ اس طرح مالیاتی سال ۲۵-۲۰۲۴ء کیلئے مجموعی طور پر ۳۰۰ فیصد یعنی ۱۵.۰۰ روپے فی حصص منافع منقسمہ ہوگا۔

۳۔ برائے سال ۲۶-۲۰۲۵ء ایکسٹرنل آڈیٹرز کا تقرر اور ان کے معاوضے کا تعّین۔ موجودہ آڈیٹرز میسرز بی ڈی او ابراہیم اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹینٹس مدت ختم ہونے کے بعد اور اہل ہونے کی بناء پر خود کو دوبارہ تقرری کیلئے پیش کرتے ہیں۔

۴۔ چیئرمین اجلاس کی اجازت سے کمپنی کے کسی بھی دیگر عمومی امور کی انجام دہی۔

حسب الحکم بورڈ

مجتبیٰ حسن گھانچی

کمپنی سیکریٹری

کراچی:

۱۲ ستمبر ۲۰۲۵ء

**نوٹ:**

۱۔ **QR کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے سالانہ رپورٹ کی دستیابی**

کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کے سیکشن ۲۲۳ اور سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے ایس آر او ۳۸۹ (I) ۲۰۲۳ مورخہ ۲۱ مارچ ۲۰۲۳ء کے تحت، کمپنی کے سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی حسابات کمپنی کی ویب سائٹ پر اَپ لوڈ کردیے گئے ہیں جنہیں درج ذیل QR کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے دیکھا جاسکتا ہے:

https://www.dynea.com.pk/wp-content/uploads/2025/09/JUNE-2025.pdf

۲۔ **بُکس کی بندش**

کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بُکس ۱۱ اکتوبر ۲۰۲۵ء تا ۲۰ اکتوبر ۲۰۲۵ء (بشمول دونوں ایام) سالانہ اجلاسِ عام اور حتمی نقد منافع منقسمہ کی ادائیگی کے مقاصد کیلئے بند رہیں گی۔ ہمارے شیئر رجسٹرار، میسرز فیمکو شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ، 8-F، متصل ہوٹل فاران، نرسری، بلاک-6، پی ای سی ایچ ایس، شاہراہِ فیصل، کراچی۔ فون: 5-34380101(21-92)، 3-34384621 (ایکسٹینشن 103)، فیکس: 34380106(21-92) پر ۱۰ اکتوبر ۲۰۲۵ء کو کاروباری اوقات کے اختتام تک (شام ۵:۰۰ بجے) درست موصولہ ٹرانسفر حتمی منافع منقسمہ کی ادائیگی اور سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت کے لئے

ٹرانسفریز کے تعین کے مقصد کیلئے بروقت تصور کیے جائیں گے۔

۳۔ اے۔ اجلاس میں شرکت کرنا

i افراد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا ضمنی اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا ایسے افراد جن کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں درج ہیں اور جن کی رجسٹریشن تفصیلات قواعد کے مطابق اَپ لوڈ ہو چکی ہیں، انہیں اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (''سی این آئی سی'') یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

ii کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی مع نامزد کردہ کے نمونہ دستخط اجلاس میں شرکت کے وقت فراہم کرنا ہوں گے۔

بی۔ پراکسی کا تقرر

سالانہ اجلاس عام میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا استحقاق رکھنے والا کوئی بھی ممبر اجلاس میں اپنی جگہ شرکت کرنے، بولنے اور ووٹ دینے کیلئے ایک ممبر پراکسی کا تقرر کرسکتا ہے۔ پراکسی کے تقرر کی دستاویز لازمی طور پر کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں یا کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے مذکورہ بالا پتے پر اجلاس کے مقررہ وقت سے کم از کم ۴۸ (اڑتالیس) گھنٹے قبل پراکسی کی حیثیت کے تقرر کرنے والے شیئر ہولڈر کی سی این آئی سی کی مصدقہ کاپی کے ہمراہ موصول ہو جائے۔ شیئر ہولڈرز کی سہولت کیلئے پراکسی فارم (انگریزی اور اردو دونوں میں) نوٹس ہذا کے ساتھ منسلک کیے گئے ہیں اور کمپنی کی ویب سائٹ www.dynea.com.pk پر بھی دستیاب ہیں۔

کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی مع نامزد کردہ کے نمونہ دستخط بشمول ان کے سی این آئی سی اجلاس کے وقت سے کم از کم ۴۸ (اڑتالیس) گھنٹے قبل فراہم کردی جائیں۔ انفرادی ممبران یا سی ڈی سی میں کمپنی کے کارپوریٹ ممبران کے نمائندے لازمی طور پر اپنے اصل سی این آئی سی یا پاسپورٹ اور سی ڈی سی اکاؤنٹ اور پارٹیسپنٹ آئی ڈی نمبرز اجلاس کے وقت اپنی شناخت اور تصدیق کیلئے پیش کریں۔

سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو مزید برآں سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے جاری کردہ سرکلر نمبر ۱، مورخہ ۲۶ جنوری ۲۰۰۰ء میں دی گئی رہنما ہدایات اور کسی بھی اَپ ڈیٹ پر بھی عمل کرنا ہوگا۔

سی۔ سالانہ اجلاسِ عام کی کارروائیوں میں ورچوئل شرکت

سالانہ اجلاسِ عام میں ورچوئلی بذریعہ وڈیو کانفرنس سہولت شرکت کے خواہشمند شیئر ہولڈرز کو بذریعہ ہذا ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ درج ذیل معلومات بشمول سی این آئی سی کی کارآمد کاپی dpl.corporate@dynea.com.pk ای میل کر کے خود کو کمپنی کے پاس رجسٹرڈ کرالیں:

| شیئر ہولڈر کا نام | سی این آئی سی/ این ٹی این نمبر | فولیو نمبر/ سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر | شیئرز کی تعداد | رابطہ نمبر | ای میل ایڈریس |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |

*جہاں قابل اطلاق ہو، براہِ مہربانی شیئر ہولڈر کے پروکسی ہولڈر کی بھی مذکورہ بالا تفصیلات فراہم کی جائیں۔

آن لائن میٹنگ لنک اور لاگ اِن کی تفصیلات صرف ان ممبران/ پراکسیز کو فراہم کی جائیں گی جن کے تمام تر مطلوبہ کوائف پر مشتمل ای میلز دیے گئے ای میل ایڈریس پر بروز ہفتہ ۱۸ اکتوبر ۲۰۲۵ء کو شام ۵:۰۰ بجے تک موصول ہو جائیں گے۔ لاگ اِن کی سہولت دوپہر ۱۲:۱۵ بجے سے اجلاس

کے اختتام تک کھلی رہیں گی۔ شیئر ہولڈر سالانہ اجلاسِ عام کے ایجنڈا آئٹمز کے لئے اپنے تبصرے اور استفسارات بھی ۱۳ اکتوبر ۲۰۲۵ء تک dpl.corporate@dynea.com.pk پر فراہم کر سکتے ہیں۔

ڈی۔ ویڈیو کانفرنس سہولت کے لئے اجازت نامہ

کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کے سیکشن (b)(۱)۱۳۴ کے مطابق ممبران اس سالانہ اجلاسِ عام کے لئے وڈیو کانفرنس کی سہولت حاصل کر سکتے ہیں۔ اس کے لئے یہ لازم ہے کہ کمپنی کو کسی ایک شہر میں مقیم ۱۰ فیصد یا زائد شیئر ہولڈنگ کے حامل ممبران کی جانب سے اجلاس کی مقررہ تاریخ سے کم از کم ۷ دن قبل کمپنی کو درخواست موصول ہونی چاہیئے۔

اس سلسلے میں درج ذیل فارمیٹ کے مطابق دستخط شدہ درخواست کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں مقررہ مدت کے اندر بھیجی جاسکتی ہے:

میں/ہم ____________ سکنہ ____________ بحیثیت ڈائنیا پاکستان لمیٹڈ
کے ممبر(ز) حامل ____________ عمومی شیئرز بمطابق رجسٹرڈ فولیو نمبر ____________
بذریعہ ہذا بمقام ____________ وڈیو کانفرنس کی سہولت حاصل کرنے کے خواہشمند ہیں۔

____________
ممبر(ز) کے دستخط

کمپنی ممبران کو سالانہ اجلاسِ عام کی تاریخ سے کم از کم ۵ دن قبل وڈیو کانفرنسنگ سہولت کے مقام کے بارے میں اور اس سہولت تک رسائی کے بارے میں تمام ضروری معلومات کے ساتھ آگاہ کردے گی۔

۴۔ اے۔ منافع منقسمہ پر ودہولڈنگ ٹیکس

موجودہ طور پر کمپنیز کی جانب سے ادا کی جانے والی منافع منقسمہ کی رقم پر ودہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی زیر دفعہ ۱۵۰ انکم ٹیکس آرڈیننس، ۲۰۰۱ء کے فرسٹ شیڈول کے ڈویژن I بابت III کے مطابق درج ذیل ہے:

i) ایکٹو ٹیکس پیئر لسٹ (اے ٹی ایل) پر موجود افراد کے لئے — ۱۵ فیصد

ii) ایکٹو ٹیکس پیئر لسٹ (اے ٹی ایل) پر موجود نہ ہونے والے افراد کے لئے — ۳۰ فیصد

وہ شیئر ہولڈرز جو اپنے گوشوارے داخل کر چکے ہوں انہیں ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اپنے ناموں کی ایف بی آر کی ویب سائٹ پر فراہم کردہ تازہ ترین ٹیکس پیئر زلسٹ (اے ٹی ایل) پر موجودگی کو منافع منقسمہ کی ادائیگی کے وقت یقینی بنائیں بصورتِ دیگر انہیں اے ٹی ایل پر موجود نہ ہونے والا فرد تصور کیا جائے گا اور ان کے نقد منافع منقسمہ پر ۱۵ فیصد کے بجائے ۳۰ فیصد کی شرح سے کٹوتی کی جائے گی۔

بی۔ جوائنٹ اکاؤنٹ ہولڈرز کی صورت میں منافع منقسمہ پر ودہولڈنگ ٹیکس

کمپنی کو ریگولیٹرز کی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے جوائنٹ اکاؤنٹ ہولڈر (ہولڈرز) کے شیئر ہولڈنگ کے تناسب کا تعین (جہاں پرنسپل شیئر ہولڈر کی جانب سے شیئر ہولڈنگ کا تعین نہ کیا گیا ہو) کمپنی کے منافع منقسمہ پر ودہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی کے سلسلے میں شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ وہ اپنے پاس موجود شیئر ہولڈنگ کے تناسب کی تفصیل بطور پرنسپل شیئر ہولڈرزان کے مشترکہ ہولڈرز کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو فراہم کردیں تاکہ کمپنی اس کے مطابق ہر ایک شیئر ہولڈر کے ودہولڈنگ ٹیکس کا تعین کر سکے۔ مطلوبہ معلومات لازماً کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو ۱۰ اکتوبر ۲۰۲۵ء تک موصول ہو جائیں بصورتِ دیگر ہر ایک شیئر ہولڈر کو شیئر کے مساوی تعداد کا حامل تصور کیا جائے گا اور اس کے مطابق ٹیکس کی کٹوتی کی جائے گی۔

سی۔ نقد منافع منقسمہ کی الیکٹرانیکلی ادائیگی (ای۔مینڈیٹ)

کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ء کے سیکشن ۲۴۲ کی شقوں اور کمپنیز (منافع منقسمہ کی تقسیم) ریگولیشنز، ۲۰۱۷ کے مطابق یہ لازم ہے کہ نقد کی صورت میں قابل ادائی منافع منقسمہ صرف بذریعہ الیکٹرانک طریقہ کار براہِ راست استحقاق کے حامل شیئر ہولڈر کی جانب سے نامزد کردہ بینک اکاؤنٹ میں جمع کرایا جائے۔اس سلسلے میں ضوابط کے تحت اخبارات میں نوٹسز پہلے ہی شائع کرائے جا چکے ہیں۔تمام شیئر ہولڈرز کو ایک بار پھر مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ اپنے بینک مینڈیٹ کی تفصیلات جس میں (i) اکاؤنٹ کا ٹائٹل (ii) آئی بی اے این نمبر (iii) بینک کا نام (iv) برانچ کا نام، کوڈ اور پتہ شامل ہو، کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو فراہم کردیں۔ایسے شیئر ہولڈرز جو پارٹیسپنٹس/سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان (سی ڈی سی) کے پاس شیئرز کے حامل ہوں، ان کو آگاہ کیا جاتا ہے کہ وہ اپنا مینڈیٹ متعلقہ بروکر/سی ڈی سی کو فراہم کردیں۔مکمل بینک تفصیلات بشمول آئی بی اے این کی عدم موجودگی میں کمپنی مذکورہ بالا کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کے سیکشن ۲۴۳ کی شق کے تحت منافع منقسمہ روک لے گی۔''الیکٹرونک ڈیویڈنڈ مینڈیٹ فارم'' انگریزی اور اردو دونوں میں کمپنی کی ویب سائٹ www.dynea.com.pk پر دستیاب ہے۔

ڈی۔ غیر کلیم کردہ منافع منقسمہ اور شیئر سرٹیفکیٹس

کمپنی نے مختلف مواقع پر کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کے سیکشن ۲۴۴ کے تحت اپنی ذمہ داری پوری کی ہے اور قانون کے مطابق شیئر ہولڈرز سے ان کے غیر وصول شدہ منافع اور نہ پہنچنے والے شیئر سرٹیفکیٹس کے دعوے دائر کرنے کے لئے رجوع کیا ہے۔

کوئی بھی شیئر ہولڈرز جن کے منافع منقسمہ اور شیئر سرٹیفکیٹس ابھی تک غیر کلیم کردہ/غیر ترسیل شدہ ہوں، ان سے بذریعہ ہٰذا ایک بار پھر درخواست کی جاتی ہے کہ تمام تر ضروری تفصیلات کے ساتھ فوری طور پر اپنی واجب الادا منافع منقسمہ کی رقومات اور/یا غیر ترسیل شدہ سرٹیفکیٹس کے کلیم کے لئے رابطہ کریں۔اگر مقررہ مدت کے اندر کمپنی کو کوئی کلیم موصول نہ ہوا تو کمپنی مرجہ قوانین کے مطابق اس پر مزید کارروائی کرے گی۔

۵۔ سالانہ رپورٹ کی بذریعہ ای میل تقسیم (اختیاری)

کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کے سیکشن ۲۲۳(۶) کی شق کے مطابق کمپنیز کو اجازت دی جاتی ہے کہ وہ اپنے سالانہ مالیاتی حسابات بشمول آڈیٹرز رپورٹ اور ڈائریکٹرز رپورٹ وغیرہ (''سالانہ رپورٹ'') اور سالانہ اجلاسِ عام کی اطلاع (''نوٹس'') اپنے شیئر ہولڈرز کو بذریعہ ای میل ارسال کرسکتے ہیں۔کمپنی کے ایسے شیئر ہولڈرز جو کمپنی کی سالانہ رپورٹ اور سالانہ اجلاسِ عام کے نوٹس بذریعہ ای میل وصول کرنے کے خواہشمند ہوں، ان سے درخواست ہے کہ وہ (کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب) الیکٹرونک کمیونیکیشن کنسینٹ فارم کو پُر کرکے کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو ارسال کردیں۔

۳۰ جون ۲۰۲۵ء کو ختم ہونے والے سال کیلئے کمپنی کے آڈٹ شدہ مالیاتی حسابات کمپنی کی ویب سائٹ www.dynea.com.pk پر گزشتہ سالوں کے سالانہ اور سہ ماہی مالیاتی حسابات کے ساتھ دستیاب ہیں۔

۶۔ فزیکل شیئرز کی بُک اینٹری کی صورت میں منتقلی

کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کے سیکشن ۷۲ کے مطابق تمام لسٹڈ کمپنیوں کے لئے یہ لازم ہے کہ وہ کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کے نافذ العمل ہونے کی تاریخ سے ۴ سال کے اندر ان کی جانب سے فزیکل صورت میں جاری کردہ شیئرز کو بُک اینٹری کی شکل میں تبدیل کریں۔

ایس ای سی پی کے لیٹر نمبر CSD/ED/Misc./2016-639-640 مورخہ ۲۶ مارچ ۲۰۲۱ء کے تحت ڈائنیا پاکستان لمیٹڈ کے ان تمام شیئر ہولڈرز سے رابطہ کررہی ہے جن کے پاس فزیکل فولیو/شیئر سرٹیفکیٹس موجود ہیں تاکہ وہ اپنے شیئرز کو جلد از جلد بُک اینٹری فارم میں منتقل کرلیں۔بُک اینٹری کی صورت میں شیئرز ہونے سے شیئرز رکھنے کا عمل مزید بہتر اور خطرات سے پاک ہوجائے گا اور شیئر ہولڈرز کو شیئرز کی محفوظ تحویل کی سہولت بھی حاصل ہوجائے گی۔شیئر ہولڈرز اپنے فزیکل شیئرز کی بُک اینٹری کی صورت میں منتقلی کے لئے کمپنی یا اس کے شیئر رجسٹرار، میسرز فیمکو شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ سے رابطہ کرسکتے ہیں۔

۷۔ **سی این آئی سی کی نقول کا جمع کرانا اگر پہلے فراہم نہ کی گئی ہوں**

انفرادی شیئر ہولڈرز کو ایک بار پھر یاددہانی کرائی جاتی ہے کہ اپنے کارآمد سی این آئی سی کی ایک کاپی فوراً جمع کرادیں اگر یہ پہلے کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو جمع نہیں کرائی گئی، شیئر ہولڈرز کے کارآمد سی این آئی سی کی کاپی کمپنی کے ریکارڈز میں عدم دستیابی کی صورت میں کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کے سیکشن ۲۴۳ کی شقوں کے تحت منافع منقسمہ کو روک لے گی۔

۸۔ **پتے کی تبدیلی**

شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ اپنے ڈاک کے پتوں میں کسی بھی تبدیلی، اگر کوئی ہو، سے فوری طور پر کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو مطلع فرمائیں۔
کارپوریٹ ادارے کی صورت میں شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ اپنے مجاز نمائندے کے کوائف میں کسی بھی تبدیلی، اگر لاگو ہو، سے فوری طور پر مطلع کریں۔

۹۔ **تحائف کی تقسیم کی ممانعت**

ایس ای سی پی کے ایس آر او ۴۵۲(۱)/۲۰۲۵ مورخہ ۱۷مارچ ۲۰۲۵ء کے تحت جاری کردہ ہدایات کے مطابق کمپنی اپنے تمام شیئر ہولڈرز کو مطلع کرتی ہے کہ سالانہ اجلاسِ عام میں کوئی تحائف تقسیم نہیں کیے جائیں گے۔

۱۰۔ **ویب سائٹ**

سالانہ اجلاسِ عام کی اطلاع شیئر ہولڈرز کو ارسال کرنے کے علاوہ کمپنی کی ویب سائٹ **www.dynea.com.pk** پر فراہم کی جارہی ہے۔